نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

محمد علی، محمد شیراز اور محمد سجاد (ڈھوک صوبیدار) کو صدمہ

مورخہ 18 جون بروز جمعہ محمد علی کی ہمشیرہ اور محمد شیراز و محمد سجاد کی والدہ محترمہ ڈھوک صوبیدار میں طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

توقیر اسلم وتنویر اسلم، ڈاکٹر شاہد تنویر اور نوید ظفر وفرید ظفر کو صدمہ

مورخہ 29 جون بروز منگل توقیر اسلم وتنویر اسلم کے ماموں جان، ای، ڈی، او ہیلتھ جہلم ڈاکٹر شاہد تنویر کے کزن اور نوید ظفر وفرید ظفر کے والد محمد ظفر طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔ان کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

سخی محمد، محمد اسحٰق ومحمد مشتاق (مدینہ ٹاؤن جہلم) کو صدمہ

مورخہ 30 جولائی بروز جمعہ سخی محمد، محمد اسحٰق ومحمد مشتاق کی والدہ محترمہ ہارٹ اٹیک کی وجہ سے مدینہ ٹاؤن میں وفات پا گئیں۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔مرحومہ کی نماز جنازہ مدینہ ٹاؤن میں ڈاکٹر فیض احمد بھٹی نے پڑھائی۔جبکہ ان کی دوسری نماز جنازہ جامعہ میں شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

سیٹھی محمد صفدر، سیٹھی محمد افضل، سیٹھی محمد اختر اور سیٹھی محمد اشرف کو صدمہ

مورخہ یکم اگست بروز اتوار سیٹھی محمد صفدر، سیٹھی محمد افضل، سیٹھی محمد اختر اور سیٹھی محمد اشرف کے بھائی سیٹھی محمد سعود وفات پا گئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔مرحوم کی نماز جنازہ جامعہ میں ڈاکٹر فیض احمد بھٹی نے پڑھائی۔

سید نعمت شاہ کاظمی کو صدمہ

مورخہ 5 اگست بروز جمعرات سید نعمت شاہ کاظمی جو (عرصہ دس سال سے جامعہ کے باورچی ہیں) کا بیٹا ٹرین حادثہ میں اچانک وفات پا گیا۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔مرحوم کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں میں ادا کی گئی۔

شیخ محمد امجد اور شیخ محمد جاوید کو صدمہ

مورخہ 11 اگست بروز بدھ شیخ محمد عبداللہ مرحوم کی زوجہ محترمہ، شیخ محمد امجد کی والدہ محترمہ اور شیخ محمد جاوید کی ساس محترمہ وفات پا گئیں۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔مرحومہ بڑی ہی نیک خاتون تھیں۔نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

ادارہ تبلیغِ اسلام جام پور

تعاون کی خصوصی اپیل

تعارف ومقاصد: ادارہ ھذا ملک کامنفرد وعظیم ادارہ ہے جس کی طرف سے دینی لٹریچر چھپوا کراور دیگراداروں سے حاصل کر کے بڑے پیمانے پر مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔ ملک کے کونے کونے میں ادارہ کا لٹریچر پہنچ رہا ہے جسے پڑھ کر ہزاروں لوگ راہِ ہدایت پا چکے ہیں۔ ملک بھرکی ہزاروں مساجد میں ادارہ کے معروف اشتہارات آویزاں ہیں جو مسلک حقہ کی دعوت وتبلیغ کا موثر ترین ذریعہ ہے۔ ادارہ کے قیام کاواحد مقصد دین حقہ کی ترویج واشاعت ہے۔

جامعہ محمدیہ: ادارہ ھذا کے تحت علاقہ کی معروف دینی درسگاہ جامعہ محمدیہ بھی قائم ہے جس میں زیر تعلیم طلباء کے تعلیمی واقامتی اخراجات ادارہ کی طرف سے برداشت کئے جاتے ہیں، طلباء کی تدریسی واقامتی ضروریات کیلئے چارعدد کمرے مع برآمدہ تعمیر کرانے ہیں۔

غریب فنڈ: ادارہ ھذا کے تحت غریب فنڈ میں موصولہ تعاون سے نادار و بے سہارالوگوں کی امدادغریب طلباء کی مالی سرپرستی اورغریب مریضوں کے علاج میں معاونت کی جاتی ہے۔

قرآن فنڈ: ادارہ ھذا کے تحت، قرآن فنڈ بھی قائم ہے اس فنڈ میں موصول ہونے والی اعانت سے تین سوقرآن مجید مترجم مع تفسیر احسن البیان اور اشرف الحواشی تقسیم کئے گئے ہیں لوگوں کی بے پناہ مانگ اور طلب کے پیش نظر اہل خیراپنی طرف سے اپنے خویش واقارب کی طرف سے اوراپنے مرحوم پیاروں کی طرف سے خصوصی تعاون فرمائیں یہ عظیم صدقہ جاریہ ہے۔

تعاون کی خصوصی اپیل: تمام مخیراحباب سے پرزوراپیل ہے رمضان المبارک میں خصوصی طور پرزکوۃ، عشر، صدقات اور خصوصی عطیات مد سے ادارہ کیلئے ترجیحی بنیادوں پرتعاون ارسال فرما کر دین حق کی نشرواشاعت و دعوت وتبلیغ عام کرنے کیلئے اس اہم مشن میں ساتھ دے کرعنداللہ ماجور ہوں۔ جس قدر احباب کا تعاون حاصل ہوگا اسی قدر ہم کام کرسکیں گے۔ فجزا کم اللہ احسن الجزاء

بذریعہ بینک: اکاؤنٹ نمبر 03-00166008-1107 حبیب بینک جام پور، بنام ادارہ تبلیغ اسلام

بذریعہ منی آڈر: (مولانا) محمد یسٰین راہی مدیرادارہ تبلیغ اسلام جام پورضلع راجن پور پنجاب